# سبق 9

# ہمارا دیس

ہندوستان ہے دیس ہمارا
جان سے اپنی ہم کو پیارا
ہندو، مُسلم، سِکھ، عیسائی،
آپس میں ہیں بھائی بھائی
بھائی کو ہو بھائی پیارا
ایسا ہوگا چلن ہمارا
سب کے دُکھ میں سب ہوں ساتھی
سب کے سُکھ میں سب ہوں ساتھی
دیس کا مل کر کام کریں گے
جگ میں روشن نام کریں گے

---

تدریسی اشارے:۔ نظم کو ترنم سے سب کے ساتھ مل کر پڑھنے کی صلاحیت بڑھانا۔ وطن اور اس کی نمائندہ چیزوں کی پہچان کرانا، وطن کی محبت کا جذبہ بڑھانا، لکھنے کی مشق کرانا۔

## مشق اور سوالات

(1) یاد کیجیے۔

دیس = ملک، وطن

چلن = طریقہ، ڈھنگ

ساتھی = ساتھ دینے والا

سکھ = چین، آرام

روشن = چمکتا ہوا

(2) نیچے لکھے سوالات کے جواب دیجیے۔

(1) ہمیں آپس میں کیسے رہنا چاہیے۔

(2) ہندوستان میں کس کس مذہب کے ماننے والے رہتے ہیں؟

(3) ہم اپنے وطن کا نام جگ میں کس طرح روشن کر سکتے ہیں؟

(3) نیچے لکھے مصرعوں کو پورا کیجیے۔

(1) ہندو، مسلم، سکھ، عیسائی + ........................

(2) ........................ + جان سے اپنی ہم کو پیارا

(3) ........................ + ایسا ہوگا چلن ہمارا

(4) دیس کا مل کر کام کریں گے + ........................

(4) پورا گیت رنگ برنگی پنسلوں سے لکھ کر کلاس میں لگائیے۔

(5) پڑھیئے اور لکھیئے :۔

ہندوستان، دیس، پیارا، ہندو، مسلم، سکھ

عیسائی، بھائی، چلن، دکھ، سکھ، جگ، نام

(6) (ب) نیچے لکھے لفظوں کو خالی جگہوں میں بھرو۔

پیارا۔ ساتھ، روشن، ہندوستانی، بھائی بھائی،

(1) ہم سب.............................. ہیں

(2) ہندوستان کے سب رہنے والے آپس میں.................. ہیں

(3) ہم کو دوسروں کے دکھ میں ان کا.................. دینا چاہیئے۔


(4) ہمارا ہندوستان ہم کو اپنی جان سے زیادہ.................. ہے

(5) ہم سب اپنے ملک کے نام کو دنیا میں.......... کریں گے۔

(7) اس نظم کو زبانی یاد کیجئے

(8) ملا کر لکھیئے :۔

| | |
|---|---|
| دے س | ............ ............ |
| م س ل م | ............ ............ |
| رو ش ن ی | ............ ............ |
| ع ی س ا ء ی | ............ ............ |




دیس کامل کر..................... جگ میں روشن

**(9)** اس نظم میں سے تین اور چار حرف والے الفاظ چُن کر لکھیئے۔